Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 15 نومبر 2025ء، 23 جمادی الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 222

ہر کوئی اپنے اپنے سوچ رہا ہے، اپنی نسلوں کے مستقبل کیلئے کوئی نہیں دیکھ رہا، لاہور ہائیکورٹ

ایسا لگ رہا ہے بچوں کے مستقبل کو بہتر بنانے کا سوچ ہی آف ہو گیا، جسٹس شاہد کریم کے سموگ تدارک کیس کی سماعت میں ریمارکس

محکموں کی جانب سے ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈالنے، ماحولیاتی اقدامات میں سستی پر برہمی، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سموگ تدارک کیس کی سماعت کے دوران محکموں کی جانب سے ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈالنے اور ماحولیاتی اقدامات میں سستی پر شدید برہمی کا اظہار کیا تاہم عدالت نے ٹریفک وارڈنز کی جانب سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ ماحولیات کی کیمیں کوئی وارڈنز کے حوالے کر کارروائی کرنے کی (بقیہ نمبر 6)

تنخواہ دار طبقہ سب سے زیادہ ٹیکس دینے والے شعبوں میں شامل ہے

حکومت نے ٹیکس کے دائرہ کار میں توسیع پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے

رواں سال ٹیکس محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، وزیر مملکت برائے خزانہ

اسلام آباد (پی پی پی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے ٹیکس کے دائرہ کار میں توسیع پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے، حکومتی اقدامات کے باعث رواں سال ٹیکس محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ جمعہ کو ایوان بالا کے اجلاس (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت پنجاب اور گورنر خان بھگی نے وزیر مملکت/ایس ایم ایم مبارک زیب اور ایم این اے خورم قریشی کے ہمراہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی

کمیشن فاردی پروفیشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز تشکیل

کمیشن کا قیام پروفیشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز ایکٹ 2021 کے تحت عمل میں آیا، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے صحافیوں کے تحفظ کیلئے کمیشن فاردی پروفیشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز تشکیل دے دیا، کمیشن کا قیام پروفیشن آف جرنلسٹس اینڈ میڈیا پروفیشنلز ایکٹ 2021 کے تحت عمل (بقیہ نمبر 10)

گوادر سے فیری سروس منظور، سرمایہ کاری کیلئے بہترین مواقع

عمان تک منصوبے کی تکمیل سے پاکستان اور عمان کے درمیان معاشی تعاون مزید مضبوط ہوگا، وفاقی وزیر برائے بحری امور

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے گوادر سے عمان تک فیری سروس کی منظوری دے دی ہے، جو اس شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے بہترین موقع ہے۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا (بقیہ نمبر 9)

تاجک وزیر دفاع کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

ملاقات کے دوران فوجی تربیت، انسداد دہشتگردی اور علاقائی امن واستحکام جیسے اہم شعبوں پر اتفاق

راولپنڈی (این این آئی) تاجکستان کے وزیر دفاع کرنل جنرل صابرزادہ واہاب اسمٰعیل عبدالقادر رحیم نے جنرل میڈیکل ورکرز (سی ایچ کیو) سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے (بقیہ نمبر 8)

صدر مملکت نے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفے منظور کر لیے

جسٹس امین الدین خان وفاقی آئینی عدالت کے پہلے سربراہ کے طور پر حلف اٹھا لیا

صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئینی عدالت کے سربراہ سے حلف لیا حلف برداری کی تقریب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی ساحر شمشاد اور وزیر اعظم شہباز شریف ودیگر کی شرکت

میڈیا رپورٹ کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے گزشتہ روز استعفے دیئے تھے، جسٹس منصور علی شاہ نے 13 صفحات پر مشتمل استعفیٰ صدر مملکت کو بھجوایا تھا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینیٹ سے 27 ویں آئینی ترمیم منظور ہونے کے بعد جسٹس امین الدین خان نے پہلے وفاقی آئینی عدالت کے سربراہ کے طور پر حلف اٹھا لیا۔ آئینی عدالت کے سربراہ جسٹس امین الدین اسلام صدر مملکت آصف علی زرداری سے حلف اٹھایا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئینی عدالت کے سربراہ سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین جوائنٹ چیف آف اسٹاف کمیٹی ساحر شمشاد اور وزیر اعظم شہباز شریف شریک ہوئے۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی بھی شریک ہوئے۔ چیف (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس منصور علی شاہ نے وفاقی آئینی عدالت کے جج بننے سے معذرت کر لی۔ ذرائع کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ کے استعفے منظور کر لیے جانے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعظم شہباز شریف ایوان صدر میں حلف برداری کی تقریب میں جسٹس امین الدین خان سے مصافحہ کر رہے ہیں

جسٹس مسرت ہلالی کی آئینی عدالت کی جج بننے سے معذرت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس مسرت ہلالی نے وفاقی آئینی عدالت کے جج بننے سے معذرت کر لی۔ ذرائع کے مطابق جسٹس مسرت ہلالی نے (بقیہ نمبر 12)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان

یہ اضافہ خلیجی خطے میں ڈیزل کی کمی کے باعث متوقع ہے، صنعتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئندہ پندرہ روز کیلئے 9.60 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات سے وابستہ ذرائع کے مطابق یہ اضافہ خلیجی خطے میں ڈیزل کی کمی کے باعث متوقع ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 11)

مریض ہمیشہ علاج میں اولین ترجیح ہونے چاہئے، چیئرمین سی ڈی اے

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا کیپیٹل ہسپتال میں ورلڈ ذیابیطس ڈے کے حوالے سے تقریب اور واک میں شرکت

جڑواں شہروں کے پہلے سرکاری نیورولوجی واسٹروک سینٹر، پیڈیاٹرک ٹرما فوڈ اور ٹیلی میڈیسن کا افتتاح بھی کیا

اسلام آباد (ثناءمہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے جمعہ کے روز کیپیٹل ہسپتال اسلام آباد میں عالمی یوم ذیابیطس کے موقع پر جڑواں شہروں کے پہلے سرکاری نیورولوجی اور اسٹروک سینٹر سمیت پیڈیاٹرک ٹرما فوڈ اور ٹیلی میڈیسن ڈیپارٹمنٹ کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے عالمی (بقیہ نمبر 4)

اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور ٹالی بیکر کی ملاقات

غزہ کیلئے جاری امن کوششوں سمیت علاقائی وعالمی پیش رفت پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور ٹالی بکر نے جمعہ کو یہاں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ (بقیہ نمبر 9)

خیبر پختونخوا میں نئے ٹول پلازے قائم کرنے کی ہدایت

ٹول پلازوں سے حاصل آمدنی خیبر پختونخوا کے شاہراہی نظام پر خرچ ہوگی، محصولات کی وصولی ترقیاتی اور مرمتی منصوبوں کے تسلسل کیلئے ناگزیر ہے

ٹول پلازوں پر ٹوڈ چھوڑ برداشت نہیں کی جائے گی، ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، صوبائی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے خیبر پختونخوا میں نئے ٹول پلازے قائم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹول پلازوں سے حاصل آمدنی خیبر پختونخوا کے شاہراہی نظام پر خرچ ہوگی، محصولات کی وصولی ترقیاتی اور مرمتی منصوبوں کے تسلسل کے لیے ناگزیر ہے، ٹول پلازوں پر ٹوڈ چھوڑ برداشت نہیں کی جائے گی، ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ این ایچ اے حکام نے اجلاس (بقیہ نمبر 5)

پاسا کیلئے 14 کنویں سے یومیہ 1100 بیرل تیل کی پیداوار حاصل ہو رہی ہے

حیدرآباد (این این آئی) کرجہان اوجی ڈی سی ایل نے خوشخبری سناتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع پاسا کیلئے 14 کنویں سے تیل کی پیداوار کا آغاز ہو گیا، (بقیہ نمبر 20)

پاکستان میں مجموعی طور پر ڈھائی کروڑ زائد بچے سکولوں سے باہر

2 کروڑ بچوں نے کبھی سکول کا راستہ تک نہیں دیکھا، پنجاب میں 96 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں

سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان میں بالترتیب 78، 49، 29 لاکھ بچے آؤٹ آف سکول ہیں، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں بھی بھوک طور پر ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں جن میں سے 2 کروڑ بچوں نے کبھی سکول کا راستہ تک نہیں دیکھا۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اکو آؤٹ آف سکول بچوں کے اعداد و شمار پر مبنی رپورٹ کے مطابق ملک کو نہ جانے والوں میں ایک ہزار 84 فرلس پیشنز بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 96 لاکھ بچے سکولوں سے باہر (بقیہ نمبر 2)

پشاور ہائیکورٹ کا سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کا حکم

سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال اختیارات کے ناجائز استعمال کے زمرے میں آتا ہے، عدالت

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی سرگرمیوں میں سرکاری وسائل کا استعمال روکنے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق ریلیوں، جلسوں اور کنونشن ہال میں سرکاری مشینری کے استعمال کے خلاف دخواست پر سماعت پشاور ہائیکورٹ میں ہوئی۔ دخواست گزار کے مطابق صوبائی حکومت جلسوں اور کنیشن ہال میں سرکاری وسائل کا استعمال کرتی ہے، (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی میں 14 ارب روپے کا انقلابی سگنل فری منصوبہ شروع

یہ منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوام دوست پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے جو شہری سہولتوں کو جدید معیار کے مطابق ڈھالنے کے لیے پرعزم ہیں

صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے راولپنڈی میں سگنل فری منصوبے کا افتتاحی جائزہ لیا

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری ایوان صدر میں نامزد چیئرمین نیکٹا کے وزیر دفاع کرنل جنرل صابرزادہ امام علی عبدالرحیم کو سوء مزید پیش کر رہے ہیں

ایک ہفتے میں کوئٹہ میں پٹرول کی فی کلو قیمت میں 9 روپے تک اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

گزشتہ ایک ہفتے میں کوئٹہ میں پٹرول کی فی کلو قیمت میں 19 روپے تک (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پٹرول کی فی کلو قیمت میں 9 روپے تک اضافہ ہوا، ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں کوئٹہ میں پٹرول کی فی کلو قیمت میں 19 روپے تک (بقیہ نمبر 7)

پاکستان میں نیپال کی سفیر اچاری اختر سردہ جمال اور ڈی جی نورام اتھارٹی حبیب اللہ عارف ترنج میمر کرنے والے کوہ پیماء کے جسمے کی رونمائی کر رہے ہیں

2024-25 میں سب سے زیادہ ٹیکس بینکوں نے جمع کروایا

پٹرولیم شعبے سے 1121 ارب، بارڈر سیکٹر سے 858 ارب ٹیکس ملا، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ کی کردی گئیں جس میں انکشاف ہوا ہے کہ جاتے سے متعلقہ شعبوں کی جانب سے دیئے 2024-25 میں سب سے زیادہ ٹیکس بینکوں نے جانے والے ٹیکس کی تفصیلات سینیٹ میں پیش جمع کروایا۔ (بقیہ نمبر 8)

پی ٹی اے نے وی پی این سروس لائسنسنگ کا آغاز کر دیا

وی پی این سروسز کے اجراء کیلئے 5 سے زائد کمپنیوں کو کلاس لائسنس جاری

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے وی پی این سروس لائسنسنگ کا آغاز کر دیا۔ اس حوالے سے جاری پرائیویٹ نیٹورک (وی پی این) سروس اعلامیہ کے مطابق (بقیہ نمبر 9) جائے گا۔ قانونی اور (بقیہ نمبر 5)

سینیٹ، آرمی ایکٹ ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور

جے یو آئی اور پی ٹی آئی ارکان کی جانب سے آرمی ایکٹ ترمیمی بل کی مخالفت

آپ نے ابھی تک اپوزیشن لیڈر نہیں بنھایا، آپ نے کہا تھا یہ آپ کا اختیار ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد سینیٹ نے آرمی ایکٹ ترمیمی بل کثرت رائے سے منظور کر لیا۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں آرمی ایکٹ (بقیہ نمبر 6)

ملک میں چینی کی فی کلو قیمت 229 روپے تک پہنچ گئی

ایک ہفتے میں کوئٹہ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 9 روپے تک اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 229 روپے تک پہنچ گئی، جو ایک ہفتے میں 9 روپے تک (بقیہ نمبر 7)

ججوں کا کام مجرم بنوانا، کسی کو سوا کرنا یا ڈانٹنا نہیں، انصاف دینا ہے، پرویز رشید

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ ججوں کا کام مجرم بنوانا یا کسی کو سوا کرنا یا ڈانٹنا نہیں بلکہ انصاف دینا ہے۔ فی ڈی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پرویز رشید نے (بقیہ نمبر 4)

کوہاٹ، پولیس کارروائی میں 3 دہشت گرد ہلاک

کوہاٹ (این ای) ایکوہاٹ میں پولیس نے بازید خیل کے قریب ایک کارروائی کے دوران تین دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ڈی پی او کوہاٹ شہباز الجی کے مطابق، فائرمدد کے ایس ایچ او راشن اپنے دستے کے ساتھ معمول کے گشت پر تھے کہ (بقیہ نمبر 4)

کسٹمر والوں کا کوام پر چھاپہ، سمگل شدہ مونو سوڈیم گلوٹا میٹ برآمد

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے انسداد سمگلنگ مہم کے تحت کارروائی کے دوران کوام سوڈیم گلوٹا میٹ برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق موصولہ خفیہ اطلاع پر پیکٹ ٹریڈرز نے دلیکا چورنگی اے دن (بقیہ نمبر 5)

پناہ کی جانب سے ہیلتھ میلہ اور آگاہی واک کا انعقاد

پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے، 2021 میں تعداد بڑھ کر 3 کروڑ 30 لاکھ تک پہنچ گئی ہے

اس وقت پاکستان میں روزانہ تقریباً 1100 اموات ذیابیطس اور اس سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کی وجہ سے ہو رہی ہیں، ماہرین

اسلام آباد (ثناءمہ عوامی للکار) ذیابیطس کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان کنٹل ہارٹ ایسوسی ایشن (PANAH) اور پریس کلب نے صدر پناہ میجر جنرل مسعود الرحمن کیانی اور پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر افضل بٹ کی سرپرستی میں کنٹل پریس کلب اسلام آباد میں ہیلتھ میلہ اور آگاہی واک کا انعقاد کیا۔ واک کا انعقاد پناہ، پارک فالٹی (Heartfile)، پاکستان یوتھ چینج ایجوکیشن (PYCA) اور سنٹر فار ریس اینڈ ڈیولپمنٹ ایشیئی ایجز (CPDI) نے مشترکہ طور پر کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات حماد ہارتار تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ ماہرین صحت نے بتایا کہ پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری ایوان صدر میں پاکستان کے وزیر دفاع کرنل جنرل صابرزادہ واہاب اسمٰعیل عبدالقادر رحیم کو سوء مزید پیش کر رہے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان

یہ اضافہ خلیجی خطے میں ڈیزل کی کمی کے باعث متوقع ہے، صنعتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئندہ پندرہ روز کیلئے 9.60 روپے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات سے وابستہ ذرائع کے مطابق یہ اضافہ خلیجی خطے میں ڈیزل کی کمی کے باعث متوقع ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 11)

خلاف آئین سازی تحلیل کرنے والوں کو پارلیمنٹ کی بالادستی ہضم نہیں ہو رہی، عظمیٰ بخاری

سوسے پکوڑوں پر سوموٹو لینے کا باب ہمیشہ کیلئے بند ہو گیا ہے، تمام ادارے آئین کے تابع ہیں اور پارلیمنٹ سپریم ہے

یہی سویلین بالادستی ہے، پاکستان کی بری فوج، فضائیہ اور نیوی دنیا کی پروفیشنل اور بہادر افواج میں سرفہرست ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

بالادستی ہضم نہیں ہو رہی۔ سوسے پکوڑوں پر سوموٹو لینے کا باب ہمیشہ کیلئے بند ہو گیا ہے۔ تمام ادارے آئین کے تابع ہیں اور پارلیمنٹ سپریم ہے، یہی سویلین بالادستی ہے۔ افواج پاکستان نے دنیا بھر میں پاکستان کو سرخرو کیا۔ پاک فوج نے مٹی میں اپنے (بقیہ نمبر 1)

پنجاب کی فضاء مضر صحت، لاہور آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست

لاہور (ثناءمہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خلاف آئین اسمبلی تحلیل کرنے والوں کو پارلیمنٹ کی بالادستی ہضم نہیں ہو رہی۔ سوسے پکوڑوں پر سوموٹو لینے کا باب ہمیشہ کیلئے بند ہو گیا ہے۔ تمام ادارے آئین کے تابع ہیں اور پارلیمنٹ سپریم ہے۔ پنجاب کی فضاء مضر صحت ہو رہی ہے۔ پنجاب میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک ہو گئی، مختلف علاقوں میں ایئر کوالٹی انڈیکس انتہائی تشویشناک سطح تک جا پہنچا ہے۔ صوبائی دارالحکومت لاہور جمعہ کے روز آلودہ ترین شہروں میں پھر سرفہرست آگیا، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 474 کو چھو گیا۔ ماحولیاتی دیب (بقیہ نمبر 3)

خیبر پختونخوا میں نئے ٹول پلازے قائم کرنے کی ہدایت

ٹول پلازوں پر ٹوڈ چھوڑ برداشت نہیں کی جائے گی، ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، صوبائی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے خیبر پختونخوا میں نئے ٹول پلازے قائم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹول پلازوں سے حاصل آمدنی خیبر پختونخوا کے شاہراہی نظام پر خرچ ہوگی، محصولات کی وصولی ترقیاتی اور مرمتی منصوبوں کے تسلسل کے لیے ناگزیر ہے، ٹول پلازوں پر ٹوڈ چھوڑ برداشت نہیں کی جائے گی، ملوث افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ این ایچ اے حکام نے اجلاس (بقیہ نمبر 5)

آرمی ایکٹ میں موجودہ فیلڈ مارشل کی نئی تقرری 5 سال کیلئے ہوگی، رانا ثنا اللہ

لاہور: انسٹیکٹر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان بھٹی ادارے کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر پوزیشن ہولڈر طالبہ کو استاد سے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ آئینی دینے والے بجٹ لائق احترام ہیں، ہمارا موقف درست ثابت ہو گیا دونوں بجٹ کا وفاقی اور سیاسی ایجنڈا اتھارٹی ایکٹ میں موجود ہے فیلڈ مارشل کی نئی تقرری 5 سال کیلئے ہوگی، ہم پوری کوشش کریں گے کہ 28 ویں (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد کو کیش لیس اور ڈیجیٹل شہر بنانے کیلئے ایک اور اہم سنگ میل

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا پاکستان کے پہلے مکمل کیش لیس ہفتہ وار بازار سیکٹر H-9 بنانے کی افتتاحی تقریب میں شرکت

کیش لیس نظام نہ صرف ای-گورننس کے ماڈل کو اپنائے گا بلکہ عوام کو آسان، محفوظ، تیز اور شفاف ترین ادائیگیوں کی سہولیات بھی فراہم کرے گا

اسلام آباد (ثناءمہ عوامی للکار) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو مکمل کیش لیس اور ڈیجیٹل شہر بنانے کیلئے ایک اور اہم سنگ میل عبور کر لیا گیا جمعہ کے روز پاکستان کے پہلے کیش لیس کے طور پر ہفتہ وار بازار سیکٹر H-9 کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ممبر فنانس طارق منیر، چیف آفیسر ایم سی آئی (بقیہ نمبر 2)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے روی سنٹر برائے سائنس تعلیم اور ثقافت کے چیئرمین ڈاکٹر شاہد حسن کی سربراہی میں وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

وفاقی شرعی عدالت کا آئینی عدالت کو اپنی بلڈنگ دینے سے انکار

جسٹس امین الدین خان کی اہل اسلام آباد ہائیکورٹ کے روم ایک میں بیٹھیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی شرعی عدالت نے وفاقی آئینی عدالت کو اپنی بلڈنگ دینے سے انکار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی شرعی عدالت کے ترجمہ کے بعد اہم ہونے والی آئینی عدالت کے روم ایک میں بیٹھیں گے۔ جسٹس امین الدین خان کی اہل ہائیکورٹ کے روم ایک میں بیٹھیں گے۔ وفاقی شرعی عدالت کے ججز کو وفاقی شرعی عدالت میں جگہ دینے کی باتیں سے اختلاف کر دیا۔ فی ڈی وی کے مطابق 27 دیں ہو رہی تھیں تاہم وفاقی (بقیہ نمبر 6)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ساتھی
ISSN 1994-9577
اداریہ صفحہ نمبر 2 اشتہارات رابطہ نمبر 0300-5112000 ایڈیٹر انچارج فرخند فیصل بریگیڈیئر (ریٹائرڈ)

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

خیبر پختونخوا اسمبلی میں امن جرگہ

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی نے کہا ہے کہ یہاں بم پھٹتا ہے تو وہ یہ نہیں دیکھتا کہ کون کس پارٹی سے ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سب نے قربانیاں دی ہیں، اس لیے اب وقت آ گیا ہے کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایک مشترکہ پالیسی اپنائی جائے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں منعقدہ امن جرگے سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ دہشت گردی کا ناسور پچھلے 20 سال سے صوبے کو کھا رہا ہے۔ ہم امن کی بات کرتے ہیں تو کچھ لوگوں کو برا لگتا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ جب بند کمروں میں فیصلے ہوتے ہیں تو امن نہیں آتا، اس پالیسی میں اب تبدیلی آنی چاہیے۔ ہمیں دوسروں کو تکلیف سمجھ کر فیصلے کرنے ہوں گے، شارٹ ٹرم نہیں بلکہ نو نس فار آل پالیسی بنانی ہوگی۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے امن کے لیے 80 ہزار سے زائد جانی قربانیاں دی ہیں اور ان قربانیوں کا تقاضا ہے کہ صوبے کو اس کا جائز حق دیا جائے۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ امن و ترقی کے لیے اتحاد ضروری ہے، ہم مل کر نہیں بیٹھیں گے تو مسئلہ کا حل نہیں نکلے گا۔ اگر تمام فریق ایک ساتھ نہیں بیٹھیں گے تو صوبے اور ملک کے مسائل کا حل ممکن نہیں۔ انھوں نے زور دیا کہ امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے اجتماعی مکالمہ اور باہمی اعتماد ناگزیر ہے۔ سینیٹر خیبر پختونخوا اسمبلی مبارک کپاد کے مستحق ہیں، جنھوں نے مختلف سیاسی جماعتوں اور طبقات کو ایک ہی چھت تلے جمع کیا۔ جب تک صوبائی و وفاقی حکومت اور سیکیورٹی ادارے ایک میز پر نہیں بیٹھیں گے دیرپا امن اور پائیدار ترقی ممکن نہیں۔ امن جرگہ کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ امن سے متعلق آج تمام جماعتیں یک آواز ہیں۔ امن جرگہ متفقہ طور پر ضم اضلاع سمیت صوبے میں جاری دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے صوبائی اسمبلی کو اعتماد میں لے کر ہر قانونی راستہ اپنایا جائے گا۔ امن و امان سے متعلق صوبائی اسمبلی کی متفقہ قرار دادوں پر فوری عمل درآمد کیا جائے۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ خیبر پختونخوا میں موجود تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جب تک تمام سٹیک ہولڈرز متحد اور متفق ہو کر دہشت گردی کے خلاف کارروائی پر مشاورت نہیں کریں گے، اس عفریت پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے سیکیورٹی فورسز کا آپریشن مشترکہ قومی پالیسی کے تحت ہی ہو رہا ہے جو قومی ایکشن کمیٹی نے وضع کی، لہٰذا صوبائی حکومت کو اس آپریشن کا ساتھ دینا چاہیے تاکہ دہشت گردی پر قابو پا کر صوبے میں امن و امان قائم کیا جا سکے۔

آئین میں ترمیم صرف پارلیمنٹ کا اختیار ہے

تحریر۔۔۔خالد بیگ

اب یہ اتفاق ہے یا پاکستان میں سیاسی جماعتوں کے مابین باہم کینہ گی بنا رہنے رکھنے کے پرانے موقع پر جب آئین میں ترمیم کی ضرورت ہو یا عدالتوں کی طرف سے کوئی آئینی فیصلہ زیر التوا ہو ایسے میں سیاسی جماعتوں کے درمیان باہم مخالفت اس انداز سے ابھر کر سامنے آتی ہے جیسے دیکھ کر قبائلی مزاج اور مختلف قبائل میں دشمنیوں جیسا گمان ہوتا ہے۔ حالانکہ ہر ملک میں جہاں کہیں بھی پارلیمانی نظام ہے وہاں جس میں ترمیم پارلیمنٹ کا اختصاصی تصور کیا جاتا ہے۔ صاف ظاہر ہے پارلیمنٹ میں موجود عوام الناس کے نمائندہ آئینی طور پر اس کا حق رکھتے ہیں کہ وہ عوام الناس کی بھلائی اور ملک کی سلامتی کے حوالے سے جو بھی سود مند ہو وہ اس پر عمل کریں۔ پارلیمنٹ کا وجود اور پارلیمنٹ کی بقاء اسی آئین کے تابع ہے جو پارلیمان ہی میں معرض وجود میں آیا اور پارلیمان ہی اس میں تبدیلی کی ذمہ دار ہے۔ قیام 27 ویں آئینی ترمیم کی تجاویز پر اس قدر شور و غوغا کیوں۔ کیا ہمیں اپنے نمائندوں پر اعتبار نہیں ہی اگر ایسا ہے تو اس کے ذمہ دار بھی ہم عوام ہی ہیں جو اپنے نمائندوں کو منتخب کر کے پارلیمان تک پہنچاتے ہیں تا کہ وہ اپنی بصیرت کے مطابق عوام کے مفاد کی نگرانی اور بوقت ضرورت آئین میں تبدیلی کے ذریعے نظام کو مزید بہتر بنا سکیں۔

اس حقیقت سے انحراف ممکن نہیں کہ آئین پاکستان ایک زندہ دستاویز (Document Living) ہے، جس میں اب تک 26 ترامیم کی جا چکی ہیں۔ وقت اور حالات کے مطابق عوامی سہولت، ملکی مفاد اور بہتری کے لیے جب بھی ضرورت پیش آئی، آئین میں مناسب ترامیم کی گئیں۔ 26 ویں آئینی ترمیم کے بعد دیکھا گیا کہ آئینی تنظیم کے قیام سے سپریم کورٹ کے مقدمات کے فیصلوں میں بہتری آئی ہے۔ تاہم اب بھی انہی آئینی تنقیح کے تجزیہ پر دیگر کمیرز کی ساعت کا بوجھ ہے۔ اسی لیے یہ بحث چل رہی ہے اور یہ تجویز زیر غور ہے کہ ایک الگ آئینی عدالت قائم کی جائے اور آئینی نوعیت کے مقدمات الگ طور پر بنائے جائیں، تاکہ عدالتوں پر دباؤ کم ہو، اور عوام کو فوری انصاف مل سکے۔ مشاہدے سے معلوم ہوا ہے کہ گو آئینی نوعیت کے مقدمات کا حجم سول، فوجداری اور متفرق مقدمات کی نسبت بہت کم ہے مگر ان مقدمات سے جڑے پیچیدہ قانونی نکات

فرحت عباس شاہ

ستائیسویں آئینی ترمیم کی منظوری پاکستان کے آئینی اور ادارہ جاتی ارتقاء کے ایک نئے مرحلے کی نشاندہی کرتی ہے، جہاں دفاعی، عدالتی اور حکومتی ڈھانچے کے درمیان ایک نیا توازن قائم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا یہ کہنا کہ "کسی کا باپ بھی اسے منسوخ نہیں کر سکتا" محض سیاسی نعرہ نہیں بلکہ ترمیمی عمل میں لگایا جانے والا جیسے کا چھکا اور ایک تاریخی اعلان ہے جو ریاستی اداروں کی آئینی مرکزیت اور عسکری قیادت کے کردار کو ایک بنی آئینی جہت عطا کرتا ہے۔ ان کا کہنا کہ "پوری دنیا ہمارے سپہ سالار کو سراہ رہی ہے" اس امر کی علامت ہے کہ سیاسی قیادت اور عسکری ادارے ایک ہی قومی بیانیے پر متفق دکھائی دے رہے ہیں، یعنی پاکستان کو ادارہ جاتی ہم آہنگی، دفاعی تسلسل اور انتظامی استحکام کی سمت میں بڑھنا ہے۔ ستائیسویں ترمیم کے تحت آئین کے آرٹیکل 243 میں جو بنیادی تبدیلی کی گئی ہے، اس نے پاکستان کی فوجی قیادت کے ڈھانچے کو از سرِ نو ترتیب دیا ہے۔ اب چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کر کے چیف آف ڈیفنس فورسز کے نام سے ایک جدید عسکری قیادت قائم کی گئی ہے، جو بری، بحری اور فضائیہ کے درمیان راست ربط و تعاون کو یقینی بنائے گی۔ اس کے ساتھ ہی فیلڈ مارشل کے عہدے کو آئینی تحفظ ملنے کا مطلب یہ ہے کہ اب فوجی قیادت کا اختصاص محض اعزازی نہیں بلکہ آئینی درجہ رکھتا ہے، جس سے دفاعی ڈھانچے میں تسلسل اور ادارہ جاتی وقار بڑھایا جا رہا ہے۔ اس اقدام سے جہاں عسکری نظم و نسق میں وضاحت آئے گی، وہیں فوجی دفاع کی سربراہ پالیسی سازی میں بھی تیزی ممکن ہوگی۔ اس ترمیم کے ذریعے نہ صرف فوج بلکہ عدلیہ کے اندر بھی ادارہ جاتی ارتقاء کا عمل شروع ہوا ہے۔ آئینی مقدمات صرف 10 فیصد ہوتے ہیں جبکہ وہ عدالت کا 50 فیصد وقت لے جاتے ہیں۔

جمران کن بات یہ ہے کہ 27 ویں ترمیم کے سلسلے میں جب خبریں منظر عام پر آئیں تو اس وقت سپریم کورٹ بار اور صوبائی بار کونسلز کے انتخابات کی دھم جاری تھی۔ یہاں اس عمل کی نشاندہی بھی ضروری ہے کہ پاکستان بھر کی منتخب وکلا قیادت کی اکثریت نے 26 ویں آئینی ترمیم کی حمایت کی تھی اور حالیہ انتخابات میں بھی انہی لوگوں کی کامیابی اس بات کی غمازی ہے کہ وکلا برادری نظام کی بہتری چاہتی ہے نہ کہ کسی سیاسی گروہ کی پسند نہ پسند۔ یقیناً 27 ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے بھی وکلا قیادت سے مشاورت کی گئی ہوگی مقدمہ دل و انصاف کے مطابق مزید موثر کیسے بنایا جا سکے۔ وکلا سیاست میں سرگرم پی ٹی آئی حامی قیادت نے 26 ویں ترمیم پر متفقہ کو سیاسی اور انتخابی بیانیے کے طور استعمال کیا اور حالیہ سپریم کورٹ بار اور صوبائی بار کونسلز کے انتخابات کے نتائج نے واضح کر دیا کہ وکلا نے اس سیاسی بیانیے کو قبول نہیں کیا۔

ترمیمی میچ میں بلاول بھٹو کا چھکا

دھماچے میں بھی اصلاحات تجویز کی گئی ہیں، جن میں سب سے اہم "دفاقی آئینی عدالت" کا قیام ہے جو وفاق اور صوبوں کے مابین آئینی تنازعات کا فوری اور مؤثر فیصلہ کرے گی۔ یہ عدالت ایسا آئینی فورم فراہم کرے گی جو آئینی شقوں کی تشریح، حکومتی اختیارات کی حد بندی، اور صوبائی خودمختاری کے مسائل پر فوری انصاف دے سکے گی۔ یوں یہ اقدام عدلیہ کی فعالیت اور آئینی ہم آہنگی کو بہتر بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے۔ مزید برآں ججوں کے تبادلے، تقرری اور نگرانی سے متعلق انتظامی ڈھانچے میں بھی نئی شفافیت متعارف کرائی گئی ہے جس سے عدالتی استقلال کے ساتھ ساتھ جوابدہی کا تصور بھی مضبوط ہوگا۔ اس ترمیم کے نتیجے میں داخلی سطح پر سب سے بڑا فائدہ یہ ہوسکتا ہے کہ فوجی فورسز کے درمیان ربط دینا شامل ہے۔ بہت سی جگہوں پر جرائم کا ملاپ دہشتگردی کے ساتھ ہوتا دیکھا گیا۔ کچھ تجاویز ایسی بھی ہیں جن کا مقصد جرائم پیشہ افراد اور دہشتگردوں کے درمیان ملاپ کو توڑنا اور ملک میں جرائم کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنا شامل ہے۔ تعلیم کو وفاق میں لانے کا مقصد ملک میں یکساں نظام تعلیم کا فروغ ہے۔ ملک کے اندر یونیفائیڈ میڈیکل سلیبس کا اطلاق وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں یکساں نظام تعلیم ہی رائج ہے۔ یکساں نظام تعلیم سے نہ صرف تعلیم کا معیار بہتر ہوگا بلکہ شرح خواندگی میں بھی واضح فرق آئیگا۔ اسی طرح بہبود آبادی کے حوالے سے درپیش مسائل کا حل بھی ایک یکساں نظام میں موجود ہے۔ پورے ملک میں بہبود آبادی کے حوالے سے یکساں پالیسی کا اطلاق ناگزیر ہے۔ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ پورے ملک میں آبادی سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے وفاقی اور تمام صوبائی کرائیک سی پالیسی بنائیں اور اس پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ صوبوں سے متعلق ان تجاویز پر صوبے اور وفاق کے درمیان باہمی مشاورت اور پارلیمنٹ میں سیر حاصل گفتگو کے بعد جو بھی فیصلہ ہو وہی قوم کی اجتماعی سوچ کا مظہر ہوگا۔

دہم آہنگی میں اضافہ ہوگا، دفاعی فیصلوں میں تاخیر کم ہوگی، اور قومی سلامتی کے نظام میں ایک واضح کمانڈ لائن قائم ہوگی۔ اس سے بحرانوں میں ردعمل کی رفتار بہتر ہوگی اور ملک دفاعی لحاظ سے زیادہ مربوط و فعال بن سکے گا۔ اسی طرح عدالتی نظام میں تبدیلیاں صوبائی تنازعات اور وفاقی رکاوٹوں کو جلد سلجھانے کا موقع فراہم کریں گی، جس کے نتیجے میں انتظامی فیصلے تیزی سے عمل شکل اختیار کریں گے۔ یوں حکومتی پالیسیوں کا نفاذ زیادہ موثر ہوسکے گا اور عوامی فلاح کے منصوبے غیر ضروری تاخیر کا شکار نہیں ہوں گے۔ اگر ان اصلاحات کو دیانتداری سے نافذ کیا گیا تو ملک کے اندر قانون، نظم اور پالیسی سازی میں واضح پیش رفت ممکن ہے۔ یہ دوئی سطح پر بھی یہ ترمیم پاکستان کے لیے ایک مثبت پیغام لے کر آئی ہے کہ ملک اب دفاعی، انتظامیہ اور سول سوسائٹی اس عمل میں آئینی اور انتظامی اعتبار سے اپنے نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہا ہے۔ یہ اقدام عالمی برادری کو یہ اشارہ دے سکتا ہے کہ پاکستان اپنے اداروں میں تسلسل، شفافیت اور آئینی ذمہ داری کو مضبوط کر رہا ہے، جس سے بین الاقوامی اعتماد بحال ہوگا۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں اور تر قیاتی شراکت داروں کے لیے یہ آئینی پیش رفت ایک اطمینان بخش اشارہ ہو سکتی ہے کہ اب پاکستان کا ادارہ جاتی نظام پائیدار فیصلوں کی جانب گامزن ہے۔ یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ جب کسی ملک میں داخلی استحکام اور آئینی شفافیت میں اضافہ ہوتا ہے تو سرمایہ کاری، تجارتی روابط اور سفارتی اعتماد بھی بہتر ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ آئینی ترمیم نہ صرف اندرونی نظم و ضبط بلکہ بیرونی تعلقات میں بھی توازن پیدا کر سکتی ہے۔ تاہم ان تمام فوائد کا انحصار اس بات پر ہے کہ حکومت، فوج، عدلیہ، صوبائی انتظامیہ اور سول سوسائٹی اس عمل میں باہمی تعاون کو برقرار رکھے۔ اگر یہ اصلاحات اپنے اصل مقصد کے مطابق نافذ ہوئیں تو یہ ترمیم ایک مضبوط، مربوط اور ذمہ دار ریاستی ڈھانچے کی بنیاد بن سکتی ہے۔ یہ ترمیم ریاست کے تمام اداروں کو ایک ہی سمت میں کام کرنے کا موقع دے سکتی ہے، جس سے قومی سلامتی کے فیصلے تیز اور مؤثر ہوں گے۔ اگر یہ اصلاحات درست سمت میں نافذ ہوئیں تو یہ ترمیم ریاست کے ادارہ جاتی ڈھانچے کو زیادہ مربوط اور فعال بنا سکتی ہے۔ اس کے نتیجے میں انتظامی فیصلے تیز اور مؤثر ہوں گے، اور قومی سلامتی کے نظام میں ایک واضح کمانڈ لائن قائم ہوگی۔ اس سے بحرانوں میں ردعمل کی رفتار بہتر ہوگی اور ملک دفاعی لحاظ سے زیادہ مربوط و فعال بن سکے گا۔ اسی طرح عدالتی نظام میں تبدیلیاں صوبائی تنازعات اور وفاقی رکاوٹوں کو جلد سلجھانے کا موقع فراہم کریں گی، جس کے نتیجے میں انتظامی فیصلے تیزی سے عمل شکل اختیار کریں گے۔ یوں حکومتی پالیسیوں کا نفاذ زیادہ مؤثر ہوسکے گا اور عوامی فلاح کے منصوبے غیر ضروری تاخیر کا شکار نہیں ہوں گے۔ اگر ان اصلاحات کو دیانتداری سے نافذ کیا گیا تو ملک کے اندر قانون، نظم اور پالیسی سازی میں واضح پیش رفت ممکن ہے۔ یہ دوئی سطح پر بھی یہ ترمیم پاکستان کے لیے ایک مثبت پیغام لے کر آئی ہے کہ ملک اب دفاعی،

SHOWBIZ شوبز

گووندا طبیعت بہتر ہونے پر ہسپتال سے ڈسچارج، مسکراتے ہوئے باہر آئے

گووندا کو 12 نومبر کی صبح پیشگی کی حالت میں ممبئی کے نجی ہسپتال داخل کرایا گیا تھا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ان کے ٹیسٹس کیے گئے تھے۔ شناختی ذرائع کے مطابق اداکار کی طبیعت 1 نومبر کو اس وقت خراب ہوئی جب وہ ہسپتال میں زیر علاج پھیڑی اداکار دھرمیندر سے ملاقات کیلئے ہسپتال گئے تھے لیکن 12 نومبر کو ان کی حالت مزید خراب ہوئی اور گھر میں ہی گر گئے۔ اداکار کو بنگالی بنلاوس پر ہسپتال لایا گیا تھا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ان کے ٹیسٹس بھی کیے گئے اور انہیں پیرالیس اور گھبراہٹ محسوس ہونے کی شکایت کی گئی تھی۔ ڈاکٹر کے مطابق گووندا کو 2 نومبر کی صبح پیشگی کی حالت میں ممبئی کے نجی ہسپتال داخل کرایا گیا تھا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ان کے ٹیسٹس بھی کیے گئے اور انہیں پیرالیس اور گھبراہٹ محسوس ہونے کی شکایت کی گئی تھی۔ ڈاکٹر کے مطابق گووندا کو 2 نومبر کی صبح پیشگی کی حالت میں ممبئی کے نجی ہسپتال داخل کرایا گیا تھا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد ان کے ٹیسٹس کیے گئے تھے۔ شناختی ذرائع کے مطابق اداکار کی طبیعت 1 نومبر کو اس وقت خراب ہوئی جب وہ ہسپتال میں زیر علاج پھیڑی اداکار دھرمیندر سے ملاقات کیلئے ہسپتال گئے تھے لیکن 12 نومبر کو ان کی حالت مزید خراب ہوئی اور گھر میں ہی گر گئے۔ اداکار کو بنگالی بنلاوس پر ہسپتال ل

لقیہ 1

پانچ کنال دے ۔ذکی و چھ کنال ۔ گھنٹے گھنٹے کیتے بجھر کیا۔ کف کے دفاع اور امن کے قیام کیلئے افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔جنرل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے 10 مئی کو تاریخ رقم کی۔جنرل عاصم منیر کی قیادت میں چیف کمیشنر پاکستان کے اعتراف میں قوم نے اظہر تشکر دی ہے۔ پنجاب کی بڑی فوج اور پنجاب کی ایک دیانی کی پہچان اور بہادر افواج میں سرفہرست ہیں۔پاک رات میں پھاڑ بھی کرنے والی قوت کو اپنی تاریخ میں اعتراف ہے

لقیہ 2

ڈاکٹر ایم طاہر ملی ہی ای اوزنی کی انجان، اٹلیٹ ویک آئی ٹی کی ٹیکنالوجی کے ماہر اور اعلیٰ انتظامیہ کے سینئر افسران سمیت کثیر تعداد میں صارفین اور ایجنٹوں نے شرکت کی۔واضح رہے اسلام آباد کے ہمارا مکلیئر 9-H بازار میں موجود اسٹار کے پیش کیں طریقے کا کام کے مطابق انڈیکیٹر ہی کی۔اس موقع پر مہمانِ خصوصی نے چیئرمین ہی ای اے کو بتایا کہ صارفین اور ایجنٹوں کو ٹیکنیکل طریقہ کار کے مطابق انڈیکیٹر پیش کیا جائے گا۔ہم اس کام کو جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہی ای اے کی ہر ایک ایجنٹ کو ٹیکنیکل طریقہ کار کے مطابق انڈیکیٹر پیش کیا جائے گا۔ہم اس کام کو جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ ایجنٹ اور صارفین

ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی کا ناکہ فیض آباد کا دورہ

ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات، سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری

شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی فوری اطلاع دیں

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی ڈویژن ڈاکٹر عاصر عزیز نے فیض آباد کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد پیپلز پارٹی کے ڈویژنل پریس سیکرٹری ناصر رضوی کے نجی اکاؤنٹ کی ریکوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اکائی کی ریکوری میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم کی شناخت کی فوری تصدیق کر کے وجوہات ظاہر کیے بغیر کھل دیں کے جس سے ایجنسیز اور بورڈ کے کامل بھی چند سینئرز سے منوں میں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2)

ڈنڈوت کھلی کچہری معزور بچے کی فریاد سن لی گئی

ڈی پی او چکوال کے حکم پر پول چیئر گھر پہنچا دی گئی

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزاد سے) ڈسٹرکٹ پولیس چکوال کی جانب سے عوامی خدمت کا ایک اور جلیل تعریف قدم۔ کھلی کچہری ڈنڈوت میں پیش ہونے والی بزرگ سائلہ نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد کی الدین سے درخواست کی تھی کہ اس کا بیٹا معذور ہے اور اسے فوری طور پر وہیل چیئر کی ضرورت ہے۔ ڈی پی او چکوال نے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2)

ڈی پی او چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد کی الدین کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

افسران عوام دوست پولیسنگ کو فروغ دیں، آئی جی اسلام آباد

سینئر افسران کو کچہریوں کے مسائل کھلی کچہریوں کے ذریعے حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سینئر افسران کو کچہریوں کی نگرانی پر موثر کارروائی کرنے اور کھلی کچہریوں کے ذریعے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ہدایات جاری کیں، جبکہ انہوں نے کھلی کچہری میں پولیس افسران و جوانوں کی سائل سے تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید (بقیہ نمبر 3 صفحہ 4)

راولپنڈی سی پی او راولپنڈی پاکستان سری لنکا کرکٹ میچ سے قبل سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا ڈیٹا فیسٹ 2025 میں شرکت

دو روزہ میلے میں اسلام آباد پولیس سیف سٹی ڈویژن کے اسٹال نے شہریوں کی بھرپور توجہ حاصل کی

میلے میں جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم، سیف سٹی کیمرہ جات کی افادیت و اہمیت، ڈرون ٹیکنالوجی، بم ڈسپوزل اور ڈیٹا سائنس پر مبنی اسٹال لگایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے پاکستان یوتھ گیمز (PSB) کے زیر اہتمام پارک فرینڈز شپ سنٹر میں منعقد ڈیٹا فیسٹ 2025 میں شرکت کی، 02 روزہ میلے میں اسلام آباد پولیس سیف سٹی ڈویژن کی جانب سے جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم، سیف سٹی کیمرہ جات کی افادیت و اہمیت، ڈرون ٹیکنالوجی، بم ڈسپوزل اور دیگر جدید ٹیکنالوجی سے سامان پر مبنی اسٹال لگایا گیا جہاں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 5)

تھانہ کراچی کے علاقوں میں سرچ آپریشن، 12 مشکوک افراد تھانے منتقل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ کراچی نجی کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران 89 افراد، 75 گھروں، 18 ہوٹلز، 26 گاڑیوں اور 47 موٹر سائیکلوں کو چیک کیا، جبکہ 12 مشکوک افراد کو تھانہ منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اکائی کی روکنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2)

تمباکو سے سالانہ 700 ارب روپے معاشی نقصان کا انکشاف

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس کا تمباکو کنٹرول کیلئے فوری اصلاحات کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں تمباکو سے سالانہ 700 ارب روپے معاشی نقصان کا انکشاف ہوا ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس نے تمباکو کنٹرول کیلئے فوری اصلاحات کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ پالیسی مطابق قوانین کے کمزور نفاذ اور پرانے قوانین کے باعث تمباکو کی تعلیمی ہو گئیں ہو گئی ہے جہاں تمباکو کی کھپت کے شیعے میں مالی نقصانات کی ذی پی کے ایک بعد کے برابر ہیں۔

خودکو سرکاری آفیسر بتا کر بھتہ وصول کرنے والے کنٹیفاف مقدمہ درج

اپنے باس کو بتا کر 1 لاکھ روپے لفافہ 5 لاکھ روپے اکاؤنٹ میں اکھڑا منسٹر کیے، مدعیہ

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں خود کو سرکاری آفیسر بتا کر کے کال سینٹرز سے بھتہ وصول کی جانے کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چائنیز کال سینٹرز کی رہائشی خاتون (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2)

سیکرٹری داخلہ کا پنجاب ایگریکلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا دورہ

ہفتہ الیمارٹریز میں عالمی معیار کے جدید آلات پر ٹیسٹس کے مراحل کا مشاہدہ، نوٹیفیکیشن شدہ جرم، کیفیے ہیرا ایرا ورڈے کنیر سینٹرز کا افتتاح کیا

نئے بھرتی نوجوان سائنسدانوں سے ملاقات، حکومت پنجاب کا وژن شیئر کیا، ہفتہ المبران اور ٹیکنیکل کمیٹی کا اجلاس، کارکردگی کا جائزہ

ہفتہ اکیسویں پنجاب کا ٹیکنیک شپ پراجیکٹ، صحت، زراعت اور فوڈ اسے متعلقہ 23 لیبارٹریاں اس کے انتظامی کنٹرول میں ہوں گی، سیکرٹری داخلہ پنجاب لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ کا دورہ کیا اور لیبارٹریز میں عالمی معیار کے جدید آلات پر ٹیسٹس کے مراحل کا مشاہدہ کیا۔ سیکرٹری داخلہ کی ہفتہ المبران میں نوٹیفیکیشن شدہ جرم، پلے ایریا، کیفیے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2)

راولپنڈی، زیر حراست اشتہاری سے برآمد ہونے والا سامان آتش بازی

منشیات سپلائر سمیت 5 ملزمان گرفتار، 4 کلو ہیروئن، 6 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے بڑے منشیات سپلائر سمیت 5 ملزمان گرفتار کر کے 4 کلو ہیروئن اور 6 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن ڈرگ فری پنجاب، پیرودہائی پولیس نے سرچ آپریشن کے دوران بڑے منشیات سپلائر سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر کے 4 کلو ہیروئن اور 3 کلو 230 گرام چرس برآمد کی، مقدمہ پولیس نے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2)

ایوان میں جمہوریت کے علمبردار بیٹھے اپنا ماضی بھول چکے ہیں، خواجہ آصف

27 ترمیم پر دوجز کی غیرت جاگ گئی، نواز شریف کیخلاف سازش کو عملی جامہ پہنانے کیلئے عدلیہ کا دروازہ کے سامنے ہے

27 ویں آئینی ترمیم پاس ہوگئی ہے، آئینی ترمیم سے انصاف کے نظام میں بہتری کے راستے کا تعین ہوا ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کچھ مخصوص لوگ آئین کی بے توقیری کرتے رہے، ایوان میں بیٹھے ہوئے لوگ اپنا ماضی بھول گئے اور جمہوریت کے علمبردار بنے بیٹھے ہیں، ماضی میں نواز شریف کو سازش کر کے مجرمے سے بنایا گیا تھا قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے خواجہ آصف نے اپوزیشن اور عدلیہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ایک ایسا آئین کا دروازہ کھولا ہے، آئینی ترمیم سے انصاف کے نظام میں بہتری کے راستے کا تعین ہوا ہے، وزیر دفاع کہ یہ آئین کے وقار اور عزت پاکستان کی دہشت گردوں کو تحفظ دینے والے یہی ہیں، اب کسی کو کوئی رعایت (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7)

لاہور: جناب یونیورسٹی اور پروگرام فروس لاہور پاکستان کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد سرمایہ سازت کا تبادلہ کیا جارہا ہے

خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسی نیشن مہم کی تیاری

محکمہ صحت کے افسران تعلیمی اداروں میں ویکسین کے فوائد سے آگاہی فراہم کریں گے

لشمور (سید رشید احمد شاہ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید اعجاز علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر سید علی رضا شاہ، منتظم علی شاہ کی زیر صدارت 17 نومبر سے 29 نومبر 2025 تک خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسینیشن مہم کی تیاری کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سید ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید (بقیہ نمبر 2 صفحہ 4)

لاہور ایئرپورٹ پر جدید سیلف بورڈنگ مشینوں کی تنصیب

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر مسافروں کو جدید سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے سیلف بورڈنگ مشینیں نصب کر دی گئیں، یہ مشین پانچ منزلہ میٹرک ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں جو مسافروں کی شناخت کی فوری تصدیق کر کے وقت طور پر گیٹ کھول دیں گے جس سے ایجنٹ پن اور بورڈنگ کا عمل بھی چند سیکنڈز سے منٹوں میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3)

27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف جنتھم کی بڑی احتجاجی ریلی

رہنماؤں کا سندھ کی وحدت بچانے تک بھرپور تحریک چلانے کا اعلان

لشمور (سید رشید احمد شاہ) 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف جنتھم کی بڑی احتجاجی ریلی رہنماؤں کا سندھ کی وحدت بچانے تک بھرپور تحریک چلانے کا اعلان کیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کی وحدت، حقوق اور خودمختاری کے خلاف سنگین سازش قرار دیتے ہوئے شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3)

لاہور: تاجنا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں پلیٹر فارم کراس چوک میں دھرنا دے رکھا ہے

2025 کے دوران 53 لاکھ سے زائد سائبر حملے رپورٹ ہونے کا انکشاف

پاکستان میں فشنگ، بوٹ نیٹ اور جعلی وائی فائی حملوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، رپورٹ

صارفین کو بنیادی سائبر ہائجین اپنانے اور اپنے سسٹم کو اپ ڈیٹ رکھنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں 2025 کی تین سہ ماہیوں کے دوران 53 لاکھ سے زائد سائبر حملے رپورٹ ہونے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔ سائی سائبر سیکیورٹی تھنک ٹینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک میں 27 بھمد سارفین میل ویئر حملوں کا شکار ہوئے، جبکہ 24 بھمد کارپوریٹ اداروں کو حساتہ ڈیٹا لیکر کے باعث مختلف خطرات کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 25 لاکھ سے زائد ویب سائبر حملے ناکام بنائے گئے، جبکہ پاکستان میں فشنگ، بوٹ نیٹ اور جعلی وائی فائی حملوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ کیسپر سکی کے مطابق 13 لاکھ 54 ہزار انسٹالیٹ اسکیمس بلاک کیے گئے، 1 لاکھ 66 ہزار بینکنگ میل ویئر حملے روکے گئے اور اسپائی ویئر کے 1 لاکھ 26 ہزار حملے ناکام بنائے گئے۔ مکمل (بقیہ نمبر 4 صفحہ 4)

آتش بازی کا سامان موٹر سائیکل پر لے کر جانیوالے 2 ملزمان گرفتار

10 ہوائیاں 100 سوتر گولے برآمد، زیر استعمال موٹر سائیکل بھی پولیس نے قبضہ میں لے لیا

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے آتش بازی کا سامان موٹر سائیکل پر لے کر جانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 100 ہوائیاں اور 100 سوتر گولے برآمد ہوئے، زیر استعمال موٹر سائیکل بھی قبضہ پولیس میں لیا گیا۔ راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان موٹر سائیکل پر لے کر جانے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے 100 ہوائیاں اور 100 سوتر گولے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان (بقیہ نمبر 4 صفحہ 4)

لاہور صوبائی وزیر صحت، وائس چیئرمین بورڈ آف گورنرز خواجہ سلمان رفیق پنجاب سنٹر آف میڈیکل ایجوکیشن کا وزٹ، وائیس ایکٹر یزمز کے بورڈ آف گورنرز کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

92 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لیا گیا

کوائف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے مالک مکان کے خلاف مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 92 غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لیا کوائف کرایہ داری کا اندراج نہ کروانے والے مالک مکان اور کرایہ داروں کے خلاف 8 مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کے دوران 1123 گھر 336 دوکانیں، 49 ہوٹل، 02 مراکز اور گھومتی طور پر 1524 افراد کے کوائف کو چیک کیا گیا، سرچ آپریشن کے دوران (بقیہ نمبر 4 صفحہ 5)

ناروال: محکمہ صحت کی لیڈی ورکر بچے کو خسرہ اور روبیلا سے بچاؤ کی ویکسین لگا رہی ہے

اٹک، پولیس کا کریک ڈاؤن، چار اشتہاری مجرمان گرفتار

اٹک (این این آئی) اٹک پولیس نے کریک ڈاؤن کرتے ہوئے چار اشتہاری مجرمان گرفتار کر لیے۔ تھانہ جج بگ پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر بابر ریاض نے ہمراہ کم نے رابطہ کے مختلف مقدمات میں مطلوب 02 مجرمان اشتہاری نگلکری "A" ارشد ولد محمد ابراہیم سکنہ محلہ الرضی فتح جگ، طاہر ولد محمد حسنہ سکنہ کالج موڑ فتح جگ خلع اٹک (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2)

جرم ثابت ہونے پر منشیات سپلائر محمد راسلان کو 2 سال قید کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پلیڈنگ کے باعث جرم ثابت ہونے پر منشیات سپلائر محمد راسلان کو 2 سال قید کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم محمد راسلان کو 2 سال قید اور 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 55 گرام آئس برآمد ہونے پر تھانہ آرے ایار پولیس نے ڈی 2023 میں گرفتار کیا تھا، مقدمہ خلاف شاہد اور موٹر وہیل کے پیش نظر معزز عدالت نے جرم کو قرار واقعی سزا میں سنائیں۔ سی پی او سید خالد (بقیہ نمبر 38 صفحہ 2)

تھانہ کینٹ میں 5 ملزمان گرفتار، 6 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے 6 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 6 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ رتہ امرال اور تھانہ ڈھوک کے علاقوں میں کی گئیں۔ ایس ایچ او رامل سعد ارشد نے کہا کہ ملزمان اور جائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے نئے تعینات امام الدین فاضل جنرل مولوی محمد حبیب، معاملات کا جائزہ لے رہے ہیں

مجرمان اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

سات مجرمان اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن اور منجر برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق

کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سات مجرمان اشتہاریوں سمیت 11 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے شراب، اسلحہ معہ ایمونیشن اور منجر برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اکائی پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2)

سپریم کورٹ فل کورٹ نے 2025 میں ترامیم متفقہ طور منظور کر لیں

2025 ء، متفقہ طور پر منظور کر لیں۔ جاری اعلامیے کے مطابق جسٹس منیب اختر، جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سپریم کورٹ کا فل کورٹ اجلاس ہوا جس میں جسٹس شاہد وحید، جسٹس عرفان سعادت خان، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس جمال احمد عباسی پر مشتمل کمیٹی کی جانب سے سپریم کورٹ رولز 2025 ء تیار کئے گئے سود اور قرآن کیس میں موجود چیدہ کیس کو دور کرنے سے متعلق مرتب تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2)

حج آپریشنز کیلئے تمام نامزد برانچیں (آج) کھلی رہیں گی

واجبات کی دوسری قسط کی وصولی کیلئے نامزد برانچیں ہفتے کو کھلی رہیں گی

لاہور (این این آئی) ایمنیٹ بینک آف پاکستان نے حج آپریشنز کیلئے تمام نامزد برانچیں کیلئے تمام نامزد برانچیں بروز آج بفتہ 9 بجے تا دوپہر 2:30 بجے تک کھلی رہیں گی۔ ایمنیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق 2026 کے واجبات کی دوسری قسط کی وصولی کیلئے نامزد برانچیں ہفتے کو کھلی رہیں گی۔ وزارت مذہبی امور اور بین الملل اب ہم آج کی درخواست پر فیصلہ کیا گیا ہے۔

صنم جاوید فلک جاوید کے والد کو الزامات عائد کرنے پر نوٹس بھجوانے کا اعلان

ان کے والد معافی تلافی کی بات کر رہے تھے، جو باتیں کی ہیں ثابت کریں یا بیٹیوں کے ساتھ یا تر اکریں گے

قانونی کارروائی کروں تو مظلومیت اور بزرگ کارڈ کھیلا جاتا ہے لیکن بزرگ پر نہ زبان استعمال کرتے ہیں، عظمیٰ بخاری

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے پی پی آئی سے وابستگی رکھنے والی صنم جاوید اور فلک جاوید کے والد کو سوشل میڈیا پر الزامات عائد کرنے پر نوٹس بھجوانے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میں ان کے حوالے سے بات نہیں کرتی حالانکہ صنم جاوید اور فلک جاوید کی والدہ نے بھی میرے بارے میں بہت کچھ کہا لیکن میں نے بزرگ خاتون جانتے ہوئے اسے نظر انداز کر دیا۔ میرا بھائی میرے کیس میں وکیل ہے جہاں پر صنم جاوید اور فلک جاوید (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2)

اے آئی پنجاب ڈائریکٹر عاصر اور وردیہ سینئر افسران کا انسپکٹر یک پر پر موت دیوے والے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ستائیسویں آئینی ترمیم کیساتھ آئین کا تازہ ترین مسودہ ویب سائٹ پر شائع

اسلام آباد (این این آئی) وزارت قانون و انصاف نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کا آئین کا تازہ ترین ایڈیشن جس میں 27 ویں آئینی ترمیم شامل کی گئی ہے اب پاکستان کو ڈی جیٹل ویب سائٹ اور موبائل ایپ پر دستیاب ہے۔ جاری بیان کے مطابق آئین پاکستان کا یہ اپ ڈیٹ شدہ ورژن عوام کی سہولت کے لئے آئن فرام کر دیا گیا (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2)

اردن کے بادشاہ عبداللہ دوم کا دورہ دو روز پر آج پہنچیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ کے مطابق ہاشمیہ مملکت اردن کے بادشاہ عبداللہ دوم ابن الحسین 15 سے 16 نومبر 2025 تک پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے یہ دورہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی دعوت پر ہو رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق یہ اعلیٰ سطحی دورہ پاکستان اور اردن کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات سے متعلق ہے اور دونوں ملکوں کے سیاسی، معاشی اور انتظامی شعبوں میں تعاون کو نئی سمت اور مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیمپ آفس ساہیوال میں افتتاح

ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ حکومت کی ترجیح، عوام کی خوشحالی ہمارا مطمع نظر ہے

ساہیوال (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ پیر عمران احمد شاہ نے کہا کہ غربت کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 5)

ساہیوال (این این آئی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیمپ آفس ساہیوال کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیر عمران احمد شاہ نے کہا کہ غربت کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 5)

پاکستان میں عالمی خلائی کانفرنس 18 نومبر سے شروع ہوگی

موسمی تبدیلی، غذائی تحفظ، آفات سے نمٹنے، ہائیبرا انفرا اسٹرکچر پر خصوصی سیشنز ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں عالمی خلائی کانفرنس کا آغاز 18 نومبر کو ہو گا۔ سپارکو کے مطابق کانفرنس میں 25 ممالک کے نمائندے شریک ہوں گے اور اہم مباحثوں پر مشتمل 4 سیشنز اور اربن کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات سے متعلق ہے اور دونوں ملکوں کے سیاسی، معاشی اور انتظامی شعبوں میں تعاون کو نئی سمت اور مضبوط بنیاد فراہم کرے گا۔ "ہائیبرا ارتقی کے لئے خلائی سائنس ٹیکنالوجی کا کردار" ہے۔ موسمی تبدیلی، غذائی تحفظ، آفات سے نمٹنے اور ہائیبرا انفراسٹرکچر پر خصوصی سیشنز ہوں گے۔ تین روز کانفرنس کا افتتاح سپارکو اور انسٹیٹیوٹ آف ایسٹیس ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 5)

لاہور: وفاقی وزیر لیلے سے عظیم عباسی کی خصوصی کاوش پر نیو میٹرو کی جانب سے قلیوں میں کنگل، راشن بیگ تقسیم کیے جا رہے ہیں

پاکستان کسی دہشت گرد گروہ سے مذاکرات نہیں کرے گا

افغانستان میں طالبان کے برسر اقتدار آنے کے بعد سے پاکستان پر حملوں میں اضافہ ہوا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان افغانستان میں مقیم کسی بھی پاکستانی کو واپس لینے کیلئے تیار، بشرطیکہ انہیں باقاعدہ سرحد پر حوالے کیا جائے، طاہر حسین اندرابی

ملک میں ڈیزل کی قلت پر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا اوگرا کو خط

پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کی اوگرا سے صورتحال کا نوٹس لینے کی اپیل

لاہور (این این آئی) ملک کے مختلف حصوں میں ڈیزل کی قلت کے معاملے پر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا اوگرا کو خط لکھ دیا جس میں کہا گیا ہے کہ قیمتوں میں مکمل اضافے کی خبروں کے بعد ڈیزل کی مصنوعی قلت پیدا کر دی گئی ہے۔ پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے دائس چیئرمین نعمان علی بٹ نے اوگرا کو لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں مکمل اضافے کے پیش نظر ٹیل کمپنیوں نے سپلائی محدود کر دی ہے۔ ٹیل کمپنیاں ڈیزل کے آرڈر بار بار مسترد کر رہی ہیں۔ خط کے مطابق کمپنیوں کا مقررہ کوٹہ ڈیزل کی ضروریات پوری کرنے کے لئے ناکافی ہے۔ جس سے مختلف علاقوں میں ڈیزل کی قلت کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 4)

چوری و نقب زنی کی واردات کرنیوالا 2 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس نے گھر میں چوری و نقب زنی کی وارادت کرنے والا 2 رکنی گینگ گرفتار کر لیا، گینگ کا ایک رکن گمریلو ملازم تھا، جس نے ساتھی کے ہمراہ مالک کی چوری و نقب زنی کی وارادت کرنے والے 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ کا ایک رکن گمریلو ملازم 12 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مسروق زیورات برآمد ہوئے زیر حراست شخص مدعی مقدمہ کے ساتھ والے گھر میں ملازم تھا، جس نے ساتھی کے ہمراہ مالک کی چوری و نقب زنی کی وارادت کرنے والے 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، گینگ کا ایک رکن گمریلو ملازم تھا،